08/06/2026

09.25 AM(5 min)

آداب

یہ آکاش وانی سرینگر ہے ۔

خبروں کا بلٹن لیکر میں **بصارت گل**

لیفٹیننٹ گورنر

لیفٹیننٹ گورنر منوج سنہا نے پونچھ کے سرحدی
گاو

ں Nangali کا دورہ کرتے ہوئے کہا ہے کہ سرحدی دیہات ملک کی پہلی شناخت ہیں اور انہیں ترقی کے مرکزی دھارے میں لانا حکومت کی ترجیح ہے۔ انہوں نے یقین دلایا کہ سرحدی علاقوں میں بنیادی ڈھانچے، روزگار اور فلاحی اسکیموں کی سو فیصد عمل آوری یقینی بنائی جائے گی۔

پد یاترا

نشہ مکت جموں کشمیر ابھیان کے تحت لیفٹنٹ گورنر منوج سنہا کی قیادت میں منعقدہ پد
یاتراو

ں کے تحت سبھی بیس اضلاع کا احاطہ مکمل ہو گیا ہے ۔ منوج سنہا کی زیر قیادت پونچھ ضلعے میں ایک بڑی پد یاترا منعقد کی گئی جس میں مقامی لوگوں کی ایک بڑی تعداد نے سرگرم شرکت دکھا کر منشیات کے خلاف اپنی پُختہ ارادی کا عزم ظاہر کیا ۔

اس موقعہ پر اپنے خیالات کا اظہار کرتے ہوئے لیفٹنٹ گورنر نے جموں کشمیر کو نارکو ٹیرر سے مکمل طور پر پاک بنانے کا عزم دہرایا ۔

------LG poonch------

ٹریڈرز چیمبرز

شہرِ خاص ٹریڈرز اینڈ چیمبرز نے وادی میں نوجوانوں میں بڑھتی منشیات کی لت پر گہری تشویش ظاہر کرتے ہوئے والدین، اساتذہ اور سماجی اداروں سے مشترکہ کردار ادا کرنے کی اپیل کی ہے۔ تنظیم نے روزگار اسکیموں کے
مو

ثر نفاذ، بینک قرضوں کی فراہمی میں رکاوٹیں دور کرنے اور عیدگاہ سرینگر میں مجوزہ کینسر ہ اسپتال کی تعمیر فوری شروع کرنے کا مطالبہ بھی کیا۔

ایل جی ملاقات

جموں میں جے اینڈ کے ایکس سروسز لیگ کے وفد نے لیفٹیننٹ گورنر سے ملاقات کرکے سابق فوجیوں کی فلاح و بہبود سے متعلق امور اٹھائے۔ اس موقع پر دیگر سماجی تنظیموں کے وفود اور نمائندوں نے بھی لیفٹیننٹ گورنر سے ملاقات کرکے عوامی اور فلاحی معاملات پر تبادلہ خیال کیا۔

نائب وزیر اعلیٰ

نائب وزیر اعلیٰ سریندر کمار چودھری نے ضلع گاندربل کے بابا نگری وانگت کا دورہ کیا اورصوفی بزرگ حضرت میاں نظام الدین کیانویؒکے 130ویں سالانہ عرس کے موقعہ پر بقعہ عالیہ پر حاضری دی۔اِس موقعہ پر اُنہوں نے جموں و کشمیر میں دائمی امن، خوشحالی، ترقی اور فرقہ وارانہ ہم آہنگی کے لئے دعاکی ۔

نائب وزیراعلیٰ نے کہا ہے کہ صوفی بزرگ کی تعلیمات محبت، بھائی چارے،رواداری ور انسانیت کی خدمت کا پیغام دیتی ہیں۔

اِس موقعہ پر نائب وزیراعلیٰ کے ہمراہ ممبر پارلیمنٹ میاں الطاف احمد لاروی اور ممبر اسمبلی کنگن میاں مہرعلی بھی تھے۔

جاوید احمد ڈار

دیہی ترقی و پنچایتی راج کے وزیر جاوید احمد ڈار نے کہا ہے کہ کھیل ایک ترقی یافتہ اور نظم و ضبط والے معاشرے کی تشکیل میں اہم کردار ادا کرتے ہیں اور نوجوان نسل میں اعتماد، حوصلہ اور قائدانہ صلاحیتیں پیدا کرنے کا
مو

ثر ذریعہ ہیں۔ہ

پریمیئر لیگ کرکٹ ٹورنامنٹ کے Soin رفیع آباد کے دائن مرگ میں Soin وزیر موصوف فائنل کے موقعے پر ایک بڑے اجتماع سے خطاب کر رہے تھے۔

جاوید ڈار نے دیہی علاقوں بالخصوص نوجوان کھلاڑیوں کے لئے کھیلوں کے بنیادی ڈھانچے کو مضبوط بنانے اور مواقع فراہم کرنے کے حکومتی عزم کا اعادہ کیا۔

SSP

ٹریفک پولیس دو پہیے چلانے والوں کی طرف سے ہو رہی خلاف ورزیوں کو روکنے کیلئے ہر ٹریفک اعجاز احمد بٹ نے کہا ہے کہ ٹو ویلر پر دو ہی SSP ممکن اقدامات کر رہی ہے۔
سواریانسفر کر سکتی ہیں اور دونوں کیلئے ہیلمٹ پہننا لازمی ہے ۔

آکاشوانی نیوز سرینگر کے ساتھ بات کرتے ہوئے انہوننے کہا۔

...........SSP...........

اطلاع

عوامی مسائل پر مبنی ہفتہ وار پروگرام شہر شہر منظر کے لئے فون کالز کی ریکارڈنگ آج اور کل صبح ساڑھے دس بجے سے بارہ بجے تک فون نمبر 0194-2452019 پر ہو رہی ہے ۔

سینسس

بانڈی پورہ میں چیف پرنسپل سینسس آفیسر امت شرما نے مردم شماری 2027 کی پیش رفت کا جائزہ لیتے ہوئے درست اور شفاف اعداد و شمار جمع کرنے کی اہمیت پر زور دیا۔ انہوں نے واضح کیا کہ مردم شماری کے دوران آدھار، بینک یا مالیاتی تفصیلات طلب نہیں کی جائیں گی ۔
انہوں نے عوام کو کسی بھی مشتبہ سرگرمی سے ہوشیار رہنے کی ہدایت دی۔

درجہ حرارت

سرینگر میں رات کا کم سے کم درجہ حرارت12 اعشاریہ 5 ڈگری جبکہ جموں میں رات کا کم سے کم درجہ24 اعشاریہ 7 ڈگری سیلشیس ریکارڈ کیا گیا۔

اس کے ساتھ ہی خبروں کا یہ بلیٹن ختم ہوا ۔

خبروں کا اگلا بلیٹن دن میں بارہ بج کر تیس منٹ پر اردو میں نشر ہو گا ۔

خدا حافظ